حکومت پاکستان

(اسٹیبلشمنٹ ڈویژن)

سیکرٹریٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ

☆☆☆

مسل نمبرا-10-2/2025-SD　　　　تاریخ:3 جنوری، 2025

عنوان: دو ہفتے کا (جزوقتی) ان پیج پروگرام (اردو ٹائپ کاری) کورس برائے اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹریز، اسٹینو ٹائپسٹس اور ایل ڈی سیز (ازمورخہ 3 فروری تا 14 فروری، 2025)

سیکرٹریٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (STI) عنوان بالا کورس مورخہ ۳ تا ۱۴ فروری، ۲۰۲۵ء منعقد کرنے کا اہتمام کر رہا ہے۔ کلاسیں روزانہ صبح ۹:۰۰ تا ۱۱:۰۰ بجے ہوا کریں گی۔ کورس تفصیلات درجہ ذیل ہے:

ٹارگیٹ شرکاء/گروپ

یہ کورس اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹریز، اسٹینو ٹائپسٹس اور ایل ڈی سیز اور ایل ڈی سیز کے لئے کمپیوٹر اور اردو ٹائپنگ میں اہلیت پیدا کرنے کے لئے مرتب کیا گیا ہے تا کہ وہ بلا حیل و حجت اپنے کمپیوٹر پر انگلش کے ساتھ ساتھ اردو ٹائپنگ بھی کر سکیں۔

کورس کے تربیتی مقاصد

اردو سافٹ ویئر ان پیج پروگرام سے مکمل واقفیت کے ساتھ ساتھ شرکاء کورس کو اردو ٹائپ کاری کے فن سے روشناس کروانا تا کہ وہ ٹائپنگ کا دفتری کام بہ احسن طریقے سے انجام دے سکیں۔

کورس کے عنوانات

۱	اردو سافٹ ویئر ان پیج پروگرام کا مکمل تعارف اور اہمیت	۲	نئی فائل کھولنا/ ٹائپ کرنا اور محفوظ (save) کرنا
۳	اردو ٹائپ کاری/ کلیدی بورڈ کا سیکھنا اور تربیتی مشقیں	۴	ان پیج میں گوشوارے (Table) بنانے کا طریقہ
۵	page setup کا مکمل طریقہ	۶	سرکاری خط و کتابت اور درخواستیں ٹائپ کرنے کا طریقہ

۲۔ جملہ وزارتوں/ ڈویژنوں/ محکموں اور اداروں سے گزارش ہے کہ مذکورہ کورس کے لئے موزوں اہلکاران کی نامزدگیاں 29 جنوری، 2025ء تک ارسال کریں۔ کورس میں نامزدگیاں کم ہونے کی صورت میں کورس ملتوی بھی کیا جا سکتا ہے اس لئے مقررہ تاریخ تک نامزدگیاں ارسال کیں جائیں۔ نامزدگیاں ارسال کرتے وقت اپنے دفتر کا ٹیلی فون اور فیکس نمبر ضرور تحریر کریں۔ نیز نامزد ملازمین کو ہدایت کریں کہ وہ اس کورس کے سلسلے میں مزید اطلاع کا انتظار کئے بغیر 3 فروری کو صبح 9:00 بجے انسٹی ٹیوٹ ہذا میں برائے تربیت رپورٹ کریں۔ کورس کے لئے رجسٹریشن 9:15 بجے کے بعد نہیں کی جائے گی۔ ایس ٹی آئی اس کورس کے لئے کوئی فیس وصول نہیں کرے گا۔ اور نہ ہی شرکاء کورس کو کوئی TA/DA دینے کا پابند ہے۔ تاہم شرکاء کورس اپنے دفاتر سے قانون کے مطابق کرایہ آمد و رفت وصول کر سکیں گے۔

(بشیر احمد سولنگی)

نائب ناظم (ایس ڈی)

جوائنٹ سیکرٹریز (Admn) وزارات/ ڈویژنز اور سربراہان محکمہ جات، اسلام آباد/ راولپنڈی۔